# نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

## 21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

# پریس ریلیز

## محکمہ زراعت پنجاب نے کپاس کی فصل کی بہتر نگہداشت کیلئے سفارشات جاری کر دیں

**لاہور 26 جولائی 2021**: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کی اچھی پیداوار کیلئے کاشتکار زیادہ بارش کی صورت میں پانی کھڑا نہ ہونے دیں اور اضافی پانی کو کھیتوں سے نکاسی کے لئے انتظامات کریں۔ بارش کے بعد جڑی بوٹیاں بڑھ جاتی ہیں ان کی تلفی کے لئے فلیٹ فین نوزل سے جڑی بوٹی مار سپرے کریں اور پانی کی مقدار 100 تا 120 لٹر فی ایکڑ استعمال کریں۔ اگر فصل کے نقصان کا اندیشہ موجود ہو تو شیلڈ لگا کر سپرے کریں۔ زیادہ بارشوں والے علاقوں میں نائٹروجن 23 کلوگرام (ایک بوری یوریا) فی ایکڑ بذریعہ رجر استعمال کریں۔ مزید براں 2 کلوگرام یوریا 100 لٹر پانی میں حل کر کے سپرے کریں۔ آبپاشی واٹر سکاؤٹنگ کے بعد کریں۔ پھل پھول آنے پر پانی کی کمی ہرگز نہ آنے دیں اور پانی ترجیحاً شام کے وقت لگائیں۔ اچھی پیداوار کے حصول کے لئے متوازن کھادوں کا استعمال بہت ضروری ہے۔ یوریا کھاد کھیت میں وتر آنے پر رجر کے ساتھ یا ڈرم میں حل کر کے دیں۔ اس کے علاوہ ٹینڈے بننے پر پوٹاش کا استعمال ضرور کریں۔ پھول آنے پر پوٹاشیم نائٹریٹ بحساب 200 گرام، زنک سلفیٹ بحساب 250 گرام، بورک ایسڈ بحساب 300 گرام 100 لٹر پانی میں حل کر کے سپرے کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت نے مزید بتایا کہ رس چوس کیڑوں کے حیاتیاتی کنٹرول کے لئے کرائسو پرلا کارڈ 80 تا 90 فی ایکڑ اور ٹینڈے کی سنڈیوں کے لئے ٹرائیکوگراما کارڈ 5 تا 6 فی ایکڑ استعمال کریں۔ کاشتکار ہفتہ میں دو بار پیسٹ سکاؤٹنگ ضرور کریں اور نقصان کی معاشی حد کو سامنے رکھتے ہوئے محکمہ زراعت کے مقامی عملے کے مشورہ سے سپرے کریں۔ گلابی سنڈی کے موثر تدارک کیلئے 5 جنسی پھندے فی ایکڑ استعمال کریں اور 15 دن کے وقفے سے جنسی کیپسول تبدیل کریں۔ لشکری سنڈی کا حملہ نظر آئے تو متاثرہ پتوں کو توڑ کر زمین میں دبا دیں اور اگر حملہ سارے کھیت میں ہو تو محکمہ زراعت کے مشورہ سے مناسب زہر پاشی کریں۔ ایک ہی گروپ کی زہروں کو بار بار سپرے نہ کریں اور سپرے سورج نکلنے سے پہلے یا شام 5 بجے کے بعد کریں۔

☆☆☆☆